یومِ خواتین پر برلا وائٹ سمینٹ نے خواتین کا حوصلہ بڑھایا

8 مارچ یوم نسواں کے موقع پر 'Birlawhite سمینٹ' نے خواتین کو پینٹ ٹھیکیدار کے پیشے کے بابت سوچنے کے لیے کہتے ہوئے اُن کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ مذکورہ پیشے سے 48 خواتین جڑ گئی ہیں، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ خواتین پینٹ ٹھیکیدار میں اپنے جوہر دکھا سکتی ہیں۔ پانچ سال سے بھی زیادہ عرصے سے 'برلا سمینٹ' سے جڑی لکشمی نے کہا کہ ''خواتین زندگی گزارنے اور اپنا سنسنار چلانے کے لیے شوہر پر منحصر ہوتی ہیں، مگر میرے شوہر 30 سال قبل سورگ باسی ہو گئے تھے، میں نے خود کی اور بچوں کی پرورش کے لیے پینٹنگ کا سہارا لیا اور آج اِسی پیشے کے تحت میں خوش حال زندگی گزار رہی ہوں، اُنہوں نے دیگر خواتین کو بھی اِس پیشے سے منسلک ہونے کے لیے مدعو کیا ہے۔